MULTI PROFESSIONALS
CO-OPERATIVE HOUSING
SOCIETY, ISLAMABAD

mpchs

Ref: MP/MC/MG/TG/E-11/ROS/AGM-32/2019 Date: 20-12-2019

# کاروائی جنرل باڈی میٹنگ

مورخہ 17-12-2019 بروز منگل دن 12:30 بجے ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (MPCHS) رجسٹرڈ اسلام آباد کی سکیموں ''اسلام آباد گارڈنز'' فیز-i سیکٹر E-11/3 ۔ فیز-ii سیکٹر E-11/1 ''ٹیلی گارڈنز'' سیکٹر F-17 ۔ ''ملٹی گارڈنز'' B-17 سکیم اور ''ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم'' کے ممبران کا سالانہ اجلاس عام (AGM) بمقام ''ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم'' نزد جنگ باہتر انٹرچینج موٹروے M-1 میں منعقد ہوا۔ سالانہ اجلاس عام کی اطلاع ممبران کو بذریعہ نیوز لیٹر مورخہ 26 نومبر 2019 کے علاوہ اخبارات روز نامہ جنگ کمبائنڈ۔ روز نامہ ڈان اسلام آباد۔ روز نامہ 92 نیوز اور روز نامہ ملٹی نیوز اسلام آباد مورخہ 29 نومبر 2019 کے ذریعے دی گئی اور سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کو بھی بذریعہ لیٹر مورخہ 30 نومبر 2019 مطلع کیا گیا۔ جبکہ روز نامہ ملٹی نیوز اسلام آبا میں دوبارہ مورخہ 10 دسمبر 2019 کو اشتہار بھی دیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ممبران کو اجلاس عام کی اطلاع SMS کے ذریعے بھی دی گئی۔ ممبران کی AGM میں بھرپور شرکت اور سہولت کے پیش نظر سوسائٹی ہیڈ آفس ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد، GPO صدر راولپنڈی اور GT روڈ بیریئر نمبر 3 واہ کینٹ سے گاڑیوں کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

اجلاس عام میں سوسائٹی کے **3245** ممبران نے شرکت کی۔ جن کو سوسائٹی کی سالانہ آڈٹ رپورٹ بمعہ آمدن و اخراجات مالی سال 2018-2019 جو کہ رجسٹرار کوآپریٹو ICT اسلام آباد کے نامزد آڈیٹر میسرز طاہر صدیقی اینڈ کو لاہور نے تیار کی تھی اور بجٹ مالی سال 2019-2020 کی طبع شدہ کاپیاں پیش کی گئیں۔

**2)**۔ اجلاس کی صدارت سوسائٹی کے صدر جناب چوہدری ظفر علی نے کی۔ اجلاس میں ممبران کے علاوہ انتظامیہ کمیٹی کے ارکان۔ انجینئرنگ ایڈوائزر۔ سوسائٹی سٹاف۔ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ ICT کے نامزد انسپکٹر عاصم خان۔ سوسائٹی کی سکیموں E-11-F-17-B-17 اور ROS کے کنسلٹنٹس۔ کنٹریکٹرز۔ ڈویلپرز۔ ٹیکس/اکاؤنٹس کنسلٹنٹ۔ رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹس کے علاوہ میڈیا کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ انفارمیشن سیکرٹری نے حسب ذیل اجلاس کا ایجنڈہ ممبران کے سامنے منظوری کے لئے پیش کیا۔

(1) تلاوت کلام پاک۔ (2) صدر کا خطبہء استقبالیہ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ (4) کاروائی گذشتہ اجلاس عام منعقدہ 17-12-2018 کی توثیق۔ (5) نئے ممبران کے داخلے اور خروج کی توثیق۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2018-2019 اور بجٹ مالی سال 2019-2020 کی منظوری۔ (7) مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے معاہدوں کی تفصیل بیان اوران کی منظوری۔ (8) ہیڈ آفس G-8 مرکز اسلام آباد کی رینوویشن کی منظوری۔ (9) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، پرموشن اور برخاستگی کی منظوری۔ (10) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی وقبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کے لئے کئے گئے معاہدوں اور ادا کی گئی رقم کی تفصیل بیان اوران کی منظوری (11) تمام سکیموں میں کئے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں۔ ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع کی منظوری۔ (12) تمام سکیموں میں فروخت کئے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ، مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اوران کی قیمت کی منظوری۔ (13) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری۔ (14) رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/کینسل کرنے کی منظوری۔ (15) وقفہ سوالات۔ (16) دیگر کسی بھی مسئلہ پر صدر سوسائٹی کی پیشگی منظوری سے گفتگو۔ (17) اجلاس کے اختتام پر تناول ماحضر۔ تمام ممبران نے متفقہ طور پر ایجنڈہ کی منظوری دی۔

**3)**۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سوسائٹی کے انفارمیشن سیکرٹری محمد اسلم راؤ نے انجام دیئے۔ انھوں نے معزز ممبران کو اتنی بڑی تعداد میں اجلاس میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا اور صدر کی منظوری سے اجلاس کا باقاعدہ آغاز کیا۔ تلاوتِ کلامِ پاک کی سعادت ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کی جامع مسجد حضرت عثمان غنی ؓ کے خطیب امان اللہ حقانی صاحب نے حاصل کی۔ تلاوت کلام پاک کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ سید حامد شاہ کاظمی نے پیش کی۔ جس کے بعد سٹیج سیکرٹری نے صدر جناب چوہدری ظفر علی سے درخواست کی کہ وہ خطبہ استقبالیہ اور سوسائٹی کے دیگر اہم معاملات پر پیش رفت اور درپیش مشکلات کی تفصیلات سے ایوان کو آگاہ کرنے کیلئے تشریف لائیں۔

MPCHS ISLAMABAD
MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD.)

Multi Mansion, G-8 Markaz, Islamabad.
UAN: 051-111-631-632 Fax: 2850641 Website: www.mpchs.com, E-mail: info@mpchs.com

4)۔ صدر نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج سوسائٹی کے 32ویں سالانہ اجلاس عام میں تشریف لانے والے تمام مہمانان گرامی کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہوں۔انہوں نے ممبران کی بے پناہ مصروفیات کے باوجود اس تقریب کی اہمیت کے پیش نظر تشریف لانے پر سب کا شکریہ ادا کیا۔اور کہا کہ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی جس کا اتنا وسیع دائرہ کار ہو اس کو چلانے میں کافی مشکلات و دشواریاں پیش آتی ہیں مگر اللہ کے فضل اور آپ کے تعاون سے ہم نے ان مشکلات پر بہت حد تک قابو پالیا ہے۔اور مزید بہتری کیلئے کوششیں جاری ہیں۔

صدر نے کہا کہ رئیل اسٹیٹ مارکیٹ میں جو حالات ہیں ان کا مختصر ذکر کرنا چاہتا ہوں۔آپ سب کو معلوم ہے کہ ملک کے اقتصادی حالات میں ایک شدید بحران کی کیفیت ہے اور ظاہر ہے ان حالات کا اثر REAL ESTATE میں سرمایہ کاری پر بھی پڑا ہے۔گزشتہ ایک سال میں آپ اور ہم سب نے حالات کو تیزی سے بدلتے ہوئے دیکھا۔مہنگائی میں ہماری توقعات سے بہت زیادہ اضافہ ہوا۔ رئیل اسٹیٹ کے شعبے کو ملکی صورتحال نے کافی حد تک متاثر کیا۔ ملک میں مجموعی طور پر رئیل اسٹیٹ کے کاروبار میں مندے کا رجحان رہا۔ ٹیکس کے نئے قوانین اور ان پر عمل درآمد کے طریقہ کار سے سرمایہ کاری میں عدم دلچسپی مشاہدے میں آئی۔الحمدللہ ان تمام معاملات کے باوجود آپ کی سوسائٹی میں ممبران کی دلچسپی غیر معمولی رہی۔لوگوں کی دلچسپی کا یہ رجحان سوسائٹی کے معاملات پر آپ کے غیر متزلزل اعتماد کا ثبوت ہے۔ سوسائٹی پر اس اعتماد میں آپ سب کا تعاون شریک حال رہا۔یہ ہمارے لئے باعث اطمینان اور باعث فخر ہے۔

**خواتین وحضرات!** جیسا کہ آپ سب کو علم ہے کہ سیکٹر E-11/1۔E-11/3۔F-17۔B-17 اور ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے بیشتر بلاکس میں ترقیاتی کام تقریباً مکمل ہو چکے ہیں۔سوسائٹی کی تمام سکیمیں موجودہ تقاضوں کے مطابق جدید سہولتوں سے آراستہ ہیں آپ لوگوں کی رہائش کو مزید آرام دہ بنانے کے لئے دن رات کوششیں جاری ہیں۔ان سکیموں میں میعاری تعلیمی سہولیات مہیا کی جا چکی ہیں۔تفریحی سرگرمیوں کا خصوصی خیال رکھا گیا ہے جن میں فٹ بال اور کرکٹ گراؤنڈ کے علاوہ خوبصورت پارک، چڑیا گھر جھیلوں وغیرہ کا آپ خود مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ملٹی کلب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے غرض یہ کہ ہر وہ سہولت جسے آج کے دور میں بنیادی ضرورت سمجھا جاتا ہے یہاں موجود ہیں۔ہماری اس کامیابی کے پیچھے آپ کا تعاون اور اعتماد ہی بنیادی طور پر کارفرما ہے۔آپ نے ہمیشہ سوسائٹی انتظامیہ پر اعتماد کا اظہار کیا اور ہمارے شانہ بشانہ کھڑے رہے۔ہمارے کاموں اور فیصلوں کی تائید کی جس سے ہماری حوصلہ افزائی ہوئی اور ہم نے ثابت قدمی کے ساتھ کامیابی کا سفر جاری رکھا۔جس کے لئے میں پوری انتظامیہ کمیٹی کی جانب سے آپ سب کا بے حد ممنون ہوں اور تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ کا اعتماد اور تعاون اسی طرح ہمارے شاملِ حال رہے گا۔

خواتین وحضرات! آپ جانتے ہیں کہ سوسائٹی کے ترقیاتی کام جو ہمیشہ اور ہر قسم کے حالات میں جاری رہتے ہیں ان کاموں کیلئے سرمایہ کی ضرورت رہتی ہے۔ممبران کے ذمہ ایک کثیر رقم واجب الادا ہے۔ ہماری بار بار درخواست کے باوجود ابھی بھی رقم کی وصولی تسلی بخش نہیں ہے۔ میں آپ سب کے توسط سے ان تمام ممبران سے گزارش کروں گا کہ واجب الادا رقم جلد از جلد ادا کر دیں تاکہ ترقیاتی کاموں کی رفتار متاثر نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ میں ٹاؤن پلانر،کنسلٹنٹ اور ڈویلپرز کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے ملٹی کی سکیموں کو بہترین طریقے سے پلان کیا اور احسن طریقے سے تکمیل کر رہے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ میں رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ اور ڈویلپر کا بھی ممنون ہوں کہ انہوں نے خوبصورت سٹالز لگائے اور قیمتی انعامات کا اعلان کر کے اس تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔علاوہ ازیں وقتاً فوقتاً وہ اپنی قیمتی آراء اور تجاویز سے بھی نوازتے رہتے ہیں جس سے ہمیں سکیموں کے معاملات احسن طریقے سے حل کرنے میں مدد ملتی ہے۔آخر میں ایک مرتبہ پھر میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ تشریف لائے۔اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔صدر کے خطاب کو ایوان نے سراہا اور بھرپور داد دی۔

5)۔ صدر کے خطاب کے بعد سٹیج سیکرٹری نے جنرل سیکرٹری چوہدری ندیم سرور کو خطاب کی دعوت دی سیکرٹری نے سالانہ اجلاس عام میں اپنی اور پوری انتظامیہ کمیٹی کی طرف سے سوسائٹی کی تمام سکیموں کے ممبران کو خوش آمدید کہا اور اجلاس میں بھرپور طریقے سے شرکت کرنے اور سوسائٹی کے معاملات میں دلچسپی لینے پر معزز ممبران کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ۔ ڈویلپرز۔اپنے سٹاف اور تمام عملے کو مبارکباد دی کہ انہوں نے بہت لگن اور محنت سے اس AGM کے انتظامات کو مکمل کیا۔

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ آج کے سالانہ اجلاسِ عام کا انعقاد <u>ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم</u> میں اس لئے کیا گیا ہے، تاکہ آپ سب سکیم کے خوبصورت اور دیدہ زیب ماحول کے ساتھ ساتھ ترقیاتی کام کے معیار کا خود ملاحظہ کر سکیں۔ E-11/1 اور E-11/3 ہر لحاظ سے مکمل اور آباد ہیں۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 میں مکینوں کی سہولت کیلئے خوبصورت مساجد، فلٹریشن پلانٹ۔ تجارتی مراکز، زیر زمین بجلی، اسٹریٹ لائٹس، سوئی گیس، پارک بچوں کے جھولے 24 گھنٹے سیکورٹی انتظامات، ہسپتال، فری ڈائیلائسز سنٹر، بینک، انٹرنیٹ، ٹیلی فون، اور مین گیٹ سے سفاری وین کی فراہمی یقینی بنائی جا چکی ہے۔ CCTV کیمرے فعال ہیں اور ان کی تعداد بھی بڑھا دی گئی ہے۔ سڑکوں کی لین مارکنگ کے علاوہ کیٹ آئیز کے ساتھ ساتھ سمت کے بورڈ بھی لگا دیئے گئے ہیں۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بارے میں انہوں نے کہا کہ رقبے کے لحاظ سے سوسائٹی کی یہ سب سے بڑی سکیم ہے۔ سکیم میں متعدد پارکس، گرین بیلٹ۔ کھیل کے گراؤنڈ اور دیگر تفریحی سہولیات کی وجہ سے ایک کھلے ماحول کا احساس ہوتا ہے۔ سکیم میں 40 فٹ سے لے کر 175 فٹ تک کشادہ سڑکیں ہیں۔ ہر بلاک میں سکول، کالج، یونیورسٹی تجارتی مراکز اور ہسپتال کے لئے جگہ مختص ہے۔ بلاک C-B-A اور F میں ترقیاتی کام مکمل ہو چکے ہیں جبکہ بلاک D میں بھی جہاں زمین کا قبضہ موجود ہے ترقیاتی کام مکمل کئے جا چکے ہیں۔ مکانوں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ تجارتی مراکز آباد ہیں۔ قبرستان کیلئے 319.05 کنال جگہ مختص کی گئی ہے۔

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم بلاک G کے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ کمرشل ایریا تک مین روڈ کی کٹنگ کا کام مکمل ہو چکا ہے اور ایک پل بھی مکمل ہے۔ مین روڈ پر بھی کام کی رفتار تسلی بخش ہے۔ B-17 سکیم کے مکینوں کیلئے اسلام آباد کلب کی طرز پر ایک خوبصورت کلب کی تعمیر شروع کی تھی جو تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ کرکٹ اور فٹ بال گراؤنڈ نے سکیم میں نوجوانوں کے لئے صحت مند سرگرمیوں کے بہترین مواقع فراہم کر دیے ہیں۔ ممبران کی سہولت کیلئے سکیم میں سفاری سروس کا اجراء بھی ہو چکا ہے۔ سکیم میں تعمیر شدہ ڈیم ایک پر کشش تفریح گاہ کی شکل اختیار کر چکا ہے عوام الناس کو معیاری تفریح باہم پہنچانے کیلئے خوبصورت جدید طرز تعمیر اور مروجہ معیار کے مطابق چڑیا گھر کی تعمیر تکمیل کے قریب ہے۔ جسے عوام الناس کی تفریح کے لئے کھول دیا جائے گا جو نہ صرف مقامی لوگوں بلکہ قرب و جوار سے بھی لوگوں کی تفریح کا باعث ہوگا۔ اس چڑیا گھر میں مختلف قسم کے چھوٹے بڑے جانور اور خوبصورت پرندے موجود ہونگے۔

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے مکینوں کی طرف سے بجلی کے بارے میں شکایات کے ازالے کے لئے واپڈا نے جدید تقاضوں کے مطابق سکیم میں علیحدہ تقریباً 30 کنال پر محیط گرڈ اسٹیشن تعمیر کیا ہے۔ اس کی تعمیر سے سوسائٹی کے تمام بلاکوں کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنا دیا گیا ہے۔ کمرشل، اپارٹمنٹ، منی کمرشل، پلازے بھی کثیر تعداد میں تعمیر ہو رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اس وقت سکیم کے بلاک F میں تقریباً 300 سے زائد ولاز کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جبکہ بلاک C اور C-1 میں 400 سے 450 ولاز کی تعمیر مکمل ہے جن میں سے بیشتر میں لوگ رہائش پذیر ہیں جبکہ سینکڑوں ولاز تعمیر کے مختلف مراحل سے گزر رہے ہیں جو عنقریب مکمل ہو جائیں گے۔

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ سکیم میں میسرز Red Sun Asscoiate نے ایک ہائی رائیز پراجیکٹ کیپٹل سکوائر کے نام سے شروع کیا ہوا ہے اس پروجیکٹ کے ایک مکمل فلور پر پاکستان کا سب سے بڑا مکمل ائیر کنڈیشنڈ ان ڈور فیملی فن لینڈ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، جہاں فیملی کے لئے مکمل انٹرٹینمنٹ ایریا ہوگا جس میں گیمنگ زون بچوں کے لئے جدید قسم کے کھلونے اور بہت سے دلچسپی کے آئیٹم موجود ہونگے۔ اس میں فوڈ کورٹ (FOOD COURT) بھی ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا ایک منفرد منصوبہ ہے جو اس پورے علاقے کے لوگوں کے لئے تفریح کے ساتھ ساتھ ضروریات زندگی کی تمام ضروریات پوری کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ **ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بلاک C، C-1، B-EXT، D، E، F اور بلاک G کے 19263 کنال پر مشتمل لے آؤٹ پلان کی منظوری راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (RDA) سے بذریعہ لیٹر نمبری RDA/MP&TE/F-PHS-TAX-08/758 مورخہ 30-07-2019 کو ہوگئی ہے۔**

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ امید ہے کہ ممبران ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کا ذاتی طور پر مشاہدہ کر چکے ہونگے۔ یہ سکیم پاکستان میں ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ سکیم میں سیوریج، ڈرینج، زیر زمین بجلی، سوئی گیس اور کشادہ سڑکوں کے علاوہ پارک ہسپتال، مارکی تعلیمی ادارے، کمرشل مرکز، تفریحی سہولیات جن میں فٹ بال، کرکٹ گراؤنڈ کی سہولت ممبران کو میسر ہے۔ سکیم میں کئی مکانوں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جہاں ممبران نے رہائش اختیار کر لی ہے۔ جبکہ نئے گھروں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ سکیم میں گیس کی سپلائی شروع ہے اور میٹر لگنے شروع ہو گئے ہیں۔ جدید ترین CCTV کیمرے اور 24 گھنٹے سیکورٹی موبائل پوری طرح فعال ہے۔ ممبران کی سہولت کیلئے مسجد عثمان غنی اور مسجد خدیجۃ الکبریٰ نماز کی ادائیگی کیلئے کھول دی گئی ہیں۔

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD.) MPCHS ISLAMABAD

بلاک D میں Amusement پارک، بیڈمنٹن، ٹینس اسکوائش کھیلنے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ **ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے LOP کے حوالے سے Land verifaction کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور ڈسٹرکٹ کونسل اٹک نے بلاک A، B، C-EXT اور D کی Preliminary Planning Permission(PPP) کا لیٹر مورخہ 25-10-2019 کو جاری کردیا ہے اور ساتھ کی گئی ڈویلپمنٹ کی بھی منظوری حاصل کرلی گئی ہے۔جس پر ایوان نے بھرپور تالیاں بجا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔** آخر میں جنرل سیکرٹری نے ایک بار پھر ممبران کا اجلاس عام میں اتنی بڑی تعداد میں شرکت پر پھر شکریہ ادا کیا۔ممبران نے جنرل سیکرٹری کے خطاب کو سراہا۔

**6)-** جنرل سیکرٹری کے خطاب کے بعد وقفہ سوالات شروع ہوا جو تقریباً 40 منٹ تک جاری رہا۔سیکٹر E-11 ۔F-17۔B-17۔ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے بہت سے ممبران نے سوسائٹی کے معاملات کے بارے میں مختلف سوالات کئے جن میں سوسائٹی کی تمام سکیموں کے اجتماعی اور ذاتی نوعیت کے سوالات ۔تجاویز اور مطالبات پیش کئے جن میں واٹر سپلائی سکیم کو فعال بنانا۔ مارگلہ ایونیو کی تعمیر۔سکیم کی سیکیورٹی مزید موثر اور بہتر کرنے۔سکیم میں ڈاکٹر کی فراہمی کے بارے میں سوالات شامل تھے۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم اور ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 کے ممبران نے ویلفیئر کمیٹیاں بنائی ہوئی ہے سب ممبران کی طرف سے اجتماعی نوعیب کے سوالات ان کے نمائندگان نے تحریری شکل میں کمیٹی کو پیش کئے اور ایوان میں پڑھ کر بھی سنائے ۔ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کی ویلفیئر کمیٹی کے صدر سلطان محمد نے کہا کہ ہماری سکیم میں زیادہ تر کام مکمل ہو چکے ہیں ۔جو کام رہ گئے ہیں وہ بھی مکمل کئے جا رہے ہیں چند کام ایسے ہیں جن پر فوری طور پر توجہ دینے کی کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ آبادی میں اضافے کی وجہ سے مصروف چوکوں میں ٹریفک سگنل لگائے جائیں۔ پانی کی قلت پر قابو پانے کیلئے انتظامات کئے جائیں ۔ملٹی میڈیکل سنٹر کو فعال کیا جائے۔CDA کے معاملات بلاک A اور B مارٹ گیج پلاٹوں اور نقشوں کی منظوری کے مسئلہ کو حل کیا جائے۔خالی پلاٹوں پر لیا جانے والا سرچارج ختم کیا جائے۔کلب کے ساتھ کمیونٹی سنٹر بھی بنایا جائے۔ بلاک A سے ملحقہ اسفالٹ فیکٹریاں بہت زیادہ تعداد میں قائم ہوچکی ہیں جس سے آلودگی اور بیماریاں بڑھ رہی ہیں انہیں ختم کرایا جائے۔ بلاک C میں گیس چالو کی جائے ،T چوک میں کنوپی لگائی جائے اور فینس کی مرمت وانڈر گراؤنڈ بجلی کا کام جلد مکمل کیا جائے۔ بلاک E کے مرکز کے پارک میں جھولے اور بینچ لگائے جائیں اور وہ ایریا جہاں بجلی کا کام مکمل ہے اسے چالو کیا جائے ۔سیکورٹی چیک پوسٹ میں اضافہ کیا جائے ۔سکیم میں مٹی کے ٹیلوں کو ختم کیا جائے۔ جنازہ گاہ تک جنازہ لے جانے کیلئے گاڑی کا بندوبست کیا جائے۔سوسائٹی کے الیکشن میں رہائشی ممبران کے لئے سیٹ مختص کی جائے۔

ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 کی ویلفیئر کمیٹی کے صدر حاجی محمد عزیز نے شاندار AGM کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ویلفیئر کمیٹی انتظامیہ کی مشکور ہے کہ F-17 کے کچھ بنیادی مسائل کو اچھے طریقے سے حل کیا جیسے قبرستان کے لئے 20 کنال زمین، ایمبولینس سروس، شٹل سروس، سیکورٹی کے لئے CCTV کیمرے، بجلی اور گیس کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔چند مسائل جن میں سیکٹر میں پانی کی فراہمی کا مستقل حل، فٹ بال، کرکٹ گراؤنڈ کے لئے جگہ۔کمیونٹی سنٹر اور ساتھ مہمان خانہ بھی بنایا جائے۔کسی اچھے سکول برائے طلبا و طالبات کا بندوبست کریں، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ وغیرہ کا جلد بندوبست کیا جائے۔لیاقت علی ممبر شپ نمبر MG-4560 پلاٹ نمبر 1609 بلاک D نے کہا کہ میں نے 2006 میں فل پیمنٹ پر پلاٹ لیا۔اب ریٹائر ہو گیا ہوں اور کرائے کے مکان میں رہ رہا ہوں مگر ابھی تک قبضہ نہیں ملا۔محمد عرفان ممبر شپ نمبر MG-1091 پلاٹ نمبر 2741، بلاک D نے کہا کہ میں نے 2004 میں پلاٹ لیا مگر وہ گرین بیلٹ میں آ گیا ہے ابھی تک کوئی پلاٹ الاٹ نہیں ہوا مجھے ڈویلپڈ پلاٹ الاٹ کیا جائے۔سکیم کی رہائشی طالبہ سدرہ عمر نے کہا کہ ایوننگ شفٹ میں کالج سے واپسی پر شٹل سروس بند ہو جاتی ہے جس سے مشکل پیش آتی ہے اس کا ٹائم بڑھایا جائے۔

افتخار احمد ممبر شپ نمبر MG-3137 پلاٹ نمبر 88 نے کہا کہ میں نے بلاک D میں لیا تھا جو بلاک F میں چلا گیا اب انٹرچینج کے قریب آ گیا ہے اس کی قیمت آدھی رہ گئی ہے۔طارق ظہیر شیخ ممبر شپ نمبر MG-10049 مکان نمبر 1170 نے کہا کہ بلاک E پہلے CDA کا حصہ تھا اب RDA میں چلا گیا ہے۔ہم نے تو اسلام آباد میں پلاٹ لیا تھا ہمیں راولپنڈی میں شفٹ کر دیا گیا ہے۔ سلطان الرحمٰن ممبر شپ نمبر MG-633 پلاٹ نمبر 2055 نے کہا کہ بلاک D کا پلاٹ 14 سال پہلے لیا ابھی تک پلاٹ نہیں ملا اگر کوئی مسئلہ تھا تو پلاٹ الاٹ کیوں کیا۔ملٹی کی تمام سکیموں کی تعریف ہوئی ہے مگر کسی نے بلاک D کی تعریف نہیں کی۔ جنرل سیکرٹری نے تمام سوالات کے دلائل کے ساتھ جوابات دیئے اور مسائل کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ جن ممبران نے قبضہ نہ ہونے کی شکایت کی انہیں فوری دفتر سے رجوع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ جنرل سیکرٹری نے مزید کہا کہ جن ممبران کو پلاٹوں کا قبضہ نہیں ملا انہیں قبضہ یا متبادل پلاٹ دیا جائے گا۔ممبران نے اس فراخ دلانہ پیشکش کی بھرپور داد دی۔

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD.) MPCHS ISLAMABAD

7۔ ممبران کے مطمئن ہونے اور وقفہ سوالات ختم ہونے کے بعد مزید کاروائی ایجنڈے کے مطابق عمل میں لائی گئی اور انفارمیشن سیکرٹری نے مندرجہ ذیل قراردادیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں۔

i)۔ اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا۔

ii)۔ صدر کا خطبہ استقبالیہ مکمل تفصیلی روئیداد پیرانمبر 4 میں شامل ہے۔

iii)۔ سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ جنرل سیکرٹری نے پیش کی جس کی مکمل تفصیلی روئیداد پیرانمبر 5 میں شامل ہے۔

بقیہ ایجنڈے کی منظوری تمام ممبران نے متفقہ طور پر دی جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

iv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM منعقدہ مورخہ 17-12-2018 کی کاروائی کی توثیق/منظوری دی۔

v)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM مورخہ 17-12-2018 سے مورخہ 16-12-2019 تک داخل کئے گئے تمام ممبران کی توثیق/منظوری دی۔

vi)۔ ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ رپورٹ 2018-2019 بمعہ آمدن اور اخراجات اور بجٹ مالی سال 2019-2020 (آمدن مبلغ **7375.77** ملین اور اخراجات مبلغ **7367.13** ملین روپے) کی منظوری دی۔

vii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف افراد۔کمپنیوں۔ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے معاہدوں کی منظوری دی۔

viii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر ملٹی ہیڈ آفس G-8 مرکز اسلام آباد کی بلڈنگ کو جدید سہولیات سے آراستہ اور سوسائٹی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے رینوویشن کے اخراجات کی منظوری دی۔

ix)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مورخہ 16-12-2019 تک مختلف تنخواہوں بمعہ الاؤنسز پر کی گئی تمام سوسائٹی ملازمین کی تقرری، پروموشن اور برخاستگی کی منظوری دی۔

x)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلے اور خریدکردہ اراضی و قبضہ بمعہ آبادیوں اور لینڈ سکیپ نگ کے لئے کئے گئے معاہدوں اس سلسلے میں ادا کی گئی جملہ رقوم کی بھی منظوری دی۔

xi)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں کئے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں، ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع کی منظوری دی۔

xii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں فروخت کیے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ اور مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اور انکی قیمت کی منظوری دی۔

xiii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری دی۔

xiv) ایوان نے متفقہ طور پر کمرشل اور رہائشی پلاٹوں کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/کینسل کرنے کی منظوری دی۔

xv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف سکیموں کے ممبران کے لئے سوسائٹی کی طرف سے بنائے گئے پیمنٹ شیڈول اور 80x112 سائز کے شامل کئے گئے نئے پلاٹوں اور ان کی قیمت کی منظوری۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

A۔ ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم (رہائشی) پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز ( Cost of Plot )

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 25x50 | 22160 | 3080000 | (ii) | 30x60 | 21400 | 4280000 | (iii) | 35x70 | 19780 | 5380000 |
| (iv) | 40x80 | 19606 | 6980000 | (v) | 50x90 | 17560 | 8780000 | (vi) | 80x112 | 15944 | 15,880,000 |

16-12-2018 سے جاری ہے

B۔ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم (کمرشل پلاٹ)

| نمبرشار | کیٹگری | ٹائپ | موجودہ ریٹ (مربع گز) | مجوزہ/ترمیمی ریٹ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اپارٹمنٹ پلاٹ | کارنر | 25,000/ | 40,000 |
| | | نان کارنر | 22,000/- | 35,000 |
| 2 | سکول پلاٹ | | 10000/- | 12,000 |
| 3 | ہسپتال پلاٹ | | 12000/- | 15,000 |

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

xvi)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف اوقات میں ممبران کو دیئے گئے ڈسکاؤنٹ۔ممبران سے بقایا جات کی ادائیگی میں تاخیر پر وصول کئے گئے سرچارج اور انتظامیہ کمیٹی کی طرف سے کسی بھی ممبر کے کیس کی Settlement بشمول سرچارج کم یا زیادہ کرنے اور پلاٹ نمبر وغیرہ تبدیل کرنیکی منظوری دی۔

xvii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف کمپنیوں ۔افراد۔کنسلٹنٹ۔کنٹریکٹر اور ڈویلپرز کے ساتھ کئے گئے معاہدوں جس میں i۔میسرز E گارڈ راولپنڈی سے ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 کی صفائی کا معاہدہ مورخہ 20-03-2019 (ii۔میسرز عرشمان انجینئرنگ ایسوسی ایٹس راولپنڈی سے ملٹی کی سکیموں میں بجلی کے کاموں کا معاہدہ مورخہ 01-04-2019 (iii۔میسرز گرین ویونرسری فارم پتوکی کوملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں لیز پر پلاٹ الاٹ کرنے کا معاہدہ مورخہ 08-04-2019 (iv۔میسر HE کارپوریشن اسلام آباد سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں سالٹ ویسٹ مینجمنٹ پلانٹ لگانے اور دیکھ بھال کرنے کامعاہدہ مورخہ 16-04-2019 (v ۔میسرز Nano Bio سلوشن اسلام آباد سے سوسائٹی کی سکیموں میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کا معاہدہ مورخہ 01-06-2019 (vi۔میسرز اکبر ایسوسی ایٹس اسلام آباد سے ٹیلی گاڈنز سیکٹر F-17 میں سیوریج ، ڈرینج RCC پائپ لائن بمعہ مین ہول کی تعمیر کا معاہدہ مورخہ 05-07-1-2019 (vii۔میسراعوان کنسٹرکشن کمپنی راولپنڈی سے سوسائٹی کے ہیڈ آفس کی Renovation کامعاہدہ مورخہ 10-07-2019 (viii۔میسرز گرین ویونرسری فارم پتوکی سے سکیموں میں مون سون میں شجر کاری 2019 کا معاہدہ مورخہ 17-07-2019 (ix۔میسرز شیخ حیات خان اینڈ برادرز اسلام آباد سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بلاک E،D اور F کے ساتھ خار دار تار کی FENCE لگانے کا معاہدہ مورخہ 22-08-2019 (x ۔میسرز ڈاکٹر اختر حمید خان میموریل ٹرسٹ راولپنڈی سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں سالٹ ویسٹ مینجمنٹ کی کنسلٹنسی کا معاہدہ مورخہ 16-10-2019 (xi ۔میسرز ضرار اینڈ کو راولپنڈی سے چڑیا گھر کی تعمیر جانوروں اور پرندوں کی فراہمی کیلئے کیے گئے ترمیمی معاہدہ مورخہ 29-11-2019) شامل ہیں کی منظوری دی۔ ممبران نے ہر قرارداد کی انفرادی طور پر منظوری دی اور آخر میں سب نے تمام معاہدات کی اجتماعی طور پر بھی منظوری دی۔

ایجنڈہ ایٹم کی مکمل منظوری کے بعد سٹیج سیکرٹری نے صدر جناب چوہدری ظفر علی کی اجازت سے اجلاس کے اختتام کا اعلان کیا۔ حسب پروگرام ممبران نے ظہرانہ تناول فرمایا۔ممبران نے ملٹی کی سکیموں میں جاری ڈویلپمنٹ کے کام کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامیہ کمیٹی پر اپنے مکمل اعتماد کا اعادہ کیا انہوں نے سوسائٹی کی کوششوں کو خصوصی طور پر سراہا۔

**8)۔** کھانے کے بعد رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ کی طرف سے لگائے گئے سٹالز سے بیش قیمتی انعامات بذریعہ قرعہ اندازی ممبران کو پیش کئے گئے جن کی تفصیل کچھ یوں ہے ۔کیپٹل مارکیٹنگ اور KJB بلڈرز پرائیویٹ کی طرف سے ایک عدد عمرہ کا ٹکٹ 2 عدد موٹر سائیکل، LED ،واشنگ مشین اور مائیکرو ویو اوون اور تمام ممبران کو وال کلاک دیئے ۔ بلیو لینڈ کے یعقوب بلوچ کی طرف سے 2 عمرے کے پیکج اور 2 عدد موٹر سائیکل۔ گیلانی ایسوسی ایٹس کے خالد گیلانی کی طرف سے 2 عدد عمرے کے ٹکٹ ۔اعوان ایسوسی ایٹس کے ملک جاوید کی طرف سے 1 عمرے کا ٹکٹ، 1 عدد موٹر سائیکل۔ 786 ملٹی اسٹیٹ کے حاجی تصور ڈار کی طرف سے ایک عدد عمرے کا ٹکٹ ۔سن رائزز مارکیٹنگ کے یٰسین کی طرف سے 1 عدد عمرے کا ٹکٹ 1 عدد موٹر سائیکل ۔ابدالین ایسوسی ایٹس کے اشعر حیات خان کی طرف سے ایک عمرے کا ٹکٹ اور 2 عدد موٹر سائیکل ۔ ملٹی زون کے حسنین مقبول کی طرف سے 1 عدد LED ،ایک عدد واشنگ مشین ۔ایگل آئی کے سعد خان کی طرف سے 2 عدد دبئی کے ریٹرن ٹکٹ ۔ آئیڈیاز (IDEAS) مارکیٹنگ کے چیف ایگزیکٹو سید امداد علی شاہ اور صفا ایسوسی ایٹس کی طرف سے ،2 موٹر سائیکل، 2 عدد LED، 1 عدد واشنگ مشین ۔جبکہ ون ون مارکیٹنگ اینڈ ڈویلپرز کے سردار طاہر محمود کی طرف سے 1 عدد موٹر سائیکل ، 1 عدد واشنگ مشین ، 1 عدد LED۔ SmartMove کے ملک نعیم اور محمد عمران کی طرف سے ایک عدد موٹر سائیکل ۔دین ایسوسی ایٹس کے شاہد عمر اور ملٹی چوائس کے انجینئر عتیق الرحمٰن کی جانب سے 1 عدد ڈنر سیٹ ، 1 عدد ٹی سیٹ ، 1 عدد فوڈ فیکٹری، 2 عدد LED، اور 2 عدد مائیکرو ویو اوون, اور تمام ممبران کو خوبصورت کپ اور گفٹ دیئے ۔سرمایہ ایسوسی ایٹس کے سجاد احمد کی طرف سے 1 عدد LED، 1 عدد جوسر مشین ، 1 عدد ڈنر سیٹ ، 1 عدد ٹی سیٹ ۔حیات ایسوسی ایٹس کے عمر حیات کی طرف سے 2 عدد موٹر سائیکل ممبران کو تحفتہً پیش کیے گئے۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD)
MPCHS
ISLAMABAD

9)۔ پورے ایوان نے اجلاس عام (AGM) کے لئے مثالی اور خوبصورت انتظامات۔ ممبران کو اسلام آباد/ راولپنڈی کے مختلف حصوں سے لانے اور لے جانے کے لئے ٹرانسپورٹ، اجلاس کے دوران سیکیورٹی اور پارکنگ کے انتظامات کے ساتھ ساتھ کھانے کے معیار کی تعریف کی۔ اجلاس کے دوران نظم وضبط مثالی رہا جس کا ممبران نے برملا اعتراف کیا۔

آپ کا پر خلوص

چوہدری ظفر علی
صدر ملٹی سوسائٹی

چوہدری ندیم سرور
جنرل سیکرٹری سوسائٹی

ڈاکٹر عبید الرحمن پراچہ
نائب صدر سوسائٹی

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

کاپی برائے!

i۔ تمام ممبران ملٹی سوسائٹی سیکٹر E-11- سیکٹر F-17۔ سیکٹر B-17 اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ ز سکیم۔

ii۔ سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ICT، F-8 مرکز اسلام آباد۔